لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۰ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ رمضان المبارک ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۵ مئی ۱۹۲۲ء — جلد ۳۴

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ الاونس

۹ مئی ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی امتیاز علیخان قائم مقام تحصیلدار بلاسپور کے الاونس قائم مقامی میں بوجہ کام تحصیل آبادی جدید دکنہ لال پور تیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔ آئندہ انکو پچاس روپیہ تنخواہ اور پچاس روپیہ ماہوار الاونس قائم مقامی جملہ سو روپیہ ماہوار ملیگا۔

تقرر

۹ مئی ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج۔ تقرر ڈاکٹر سید امتیاز حسین کا

بمشاہرہ ایک سو پچاس روپیہ ماہوار بجاے ڈاکٹر سید شہادت علی صاحب ملٹری سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ سواران منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۴ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

معلوم ہوا کہ میجر محمد عظمت اللہ خانصاحب حاکم صدر نے مطالبہ ملتویہ کے طلبانہ کی بابتہ کوئی حکم جاری کیا ہے جسکو باجراء روبکار ۲۰ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء ہمنے بغرض ملاحظہ طلب کیا تھا۔ جو صاحبزادہ محمد مصطفے علی خانصاحب بہادر حاکم صدر نے بغرض ملاحظہ بھیجا ہے جسکے ملاحظہ سے ظاہر ہے کہ حکم ۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۲۲ء شبہ درخواست وزیر خان مستاجر جرلیور پرگنہ حضور تحصیل متعلقہ التواء قسط فروری سنہ ۱۹۲۲ء اور حضور تحصیل سے ذریعہ رپورٹ ۷ر فروری سنہ ۱۹۲۲ء صراحت طلب ہوئی تھی کہ ماہ مئی تک قسط فروری کا التواء ہوا ہے اگر وعدہ کے اندر بیباق ہو جاتا تو اس رقم پر طلبانہ قائم کیا جاتا یا نہیں اسپر حاکم صاحب صدر موصوف نے ۱۸ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء بالفاظ ذیل حکم صادر کیا (کہ جس حکم کے یہ الفاظ ہوں کہ مستاجر پر تقاضہ نہ کیا جاے اسپر طلبانہ قائم کیا جاے گا) اسکے علاوہ کوئی دوسرا حکم ہو تو اسپر نظر کیا جاے گا۔ چونکہ اس حکم سے ایک درمیانی حالت پیدا ہو گئی یعنی صریح الفاظ میں نہ تو التواء ہوا نہ وصول مطالبہ کا حکم ہوا لیکن نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ مطالبہ ملتوی ہوا پس جبکہ نتیجہ یہی نکلا کہ مطالبہ ملتوی ہوا۔ وہ مطالبہ مطالبہ طلبانہ سے بری رہا۔ لہذا ایسا مشتبہ اور مذبذب حکم قائم رہنا مناسب نہیں ہے اسلئے کہ قانون آئین حادیہ کی دفعہ ۱۶۹ صاف ہے کہ حکم التواء صادر ہو جانے کے بعد مستاجر پابندی دفعہ ۱۱۹ سے مستثنٰی ہو جاتا ہے یعنی طلبانہ عائد نہیں ہوتا۔

لہذا حکم ہوا کہ

حکم اجلاس حاکم صاحب صدر مورخہ ۱۸ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء منسوخ کیا جاتا ہے اور احکام تنسیخ اطلاعاً بخدمت حاکم صاحب صدر برائے اطلاع صادر ہوں بجلد تعمیل مرسل ہوں۔ دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

بلوہ باقیم حافظ دفتر سکریٹریٹ کی رعایتی رخصت ۱۵ یوم بضرورت روانگی نینی تال منظور کی گئی

تبادلہ

۹ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

بمنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم مولوی شفیت اللہ صاحب تحصیلدار شاہ آباد حضور تحصیل میں اور منشی محمد جمیل خانصاحب تحصیلدار حضور تحصیل شاہ آباد میں تبدیل ہوے۔

اضافہ

۱۰ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب سفارش ناظم صاحب محمد حسین مرزق امین تحصیل ملک کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

عطاے اختیارات

۴ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلے دام اقبالہم و ملکہم۔ مولوی شفیع محمد صاحب کو تاصدور حکم ثانی اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم بابت مقدمات آبکاری عطا ہوے۔

رخصت

۴ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

مزید رخصت یکماہ محمد علیخان اہلمد اجلاس اسسٹنٹ مجسٹریٹی بوجہ لاحقی علالت بقیام سابقہ منظور ہوئی

۸ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

مزید رخصت تین ماہ منشی محمد حسن منصرم محبی کی بوجہ علالت بوضع نصف تنخواہ بلحاظ ملازمت دیرینہ منظور کی گئی۔ چند سوالات کا کام علاوہ اپنے کام کے محمد علیخان ناظر محبی انجام دینگے الاونس بقیہ تنخواہ منصرم مذکور سے پاینگے۔ بقیہ کام اسسٹنٹ ناظر بدستور کرتے رہینگے

۹ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

مزید رخصت یکہفتہ صاحب جج خفیفہ منظور ہوئی۔ معمولی کام مفتی صاحب دیوانی کرینگے اور فوجداری کے کام کا انتظام صاحب مجسٹریٹ ضلع کرینگے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

تقرر

۴ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم و ملکہم محمد عنایت اللہ خان سابق افسر شاگرد پیشہ کا تقرر نگرانی کوٹھیات مفصلہ تحت پر منظور ہوا تعین تنخواہ آئندہ ہوگا۔ بحیثیت منظور محمود صاحب بیگ کوٹھیات کا تعلق نہ رہیگا۔

کوٹھی خسرو باغ — کوٹھی بے نظیر — کوٹھی شاہ آباد — کوٹھی آنولے والی

بنگلہ دفتر خاص باغ — کوٹھی دریائی — کوٹھی مہمانان یورپین — بنگلہ مہمانان ہندوستانی واقع خاص باغ

نقشہ نرخ اجناس ... یاست ... ہفتہ بتاریخ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

نام جنس	مورتعییل	شاہ آزاد	ماکہ	پلاسپو	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱	۰۵	۰۵ بار	۰۵ بار		۰۵ بار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		۸ بار	۸ بار	۷ بار		۰۷ بار	
نخود وگندم آمیز		۹ بار	۹ بار	۹ بار	.	۸ بار	
گنہار		.	۹ بار	۹ بار		۰۸ بار	
ماش		۵ بار	۰۵ بار	۷ بار		۶ بار	
مونگ		.	۵ بار	۵ بار		۵ بار	
مکئی		.	.	۰۵ بار		.	
جئی		۱۰ بار	۱۱ بار	۱۱ بار		۱۰ بار	
گوجئی		.	۹ بار	۹ بار		۷ بار	
عدس	.	۸ بار	۹ بار	۹ بار		۷ بار	
اردو		۱۰ بار	۱۰	۱۰ بار		۲ بار	
برنج		۳ بار	۲-۳	۳ بار		۳ بار	
روغن زرد		۰۰ بار	۲ چھٹانک	۰۰ بار		۲ چھٹانک	
روغن سیاہ		۱ بار	۱-۱	۱ بار		۱ بار	
روغن کنجد		۱ بار	.	۲ بار		۲ بار	
نمک سیاہ مصری		۲ بار	۴ بار	۱۰ بار	.	۸ بار	
نمک لاہوری		۶ بار	۶ بار	۵ بار		۷ بار	
قند سیاہ		۰۲ بار	۰۲	۳ بار		۳ بار	
...		.	...	...			